Daily ZIKREJAHAN

RAWALPANDI

روزنامہ

(بیادِ بانیٔ ادارہ) رقیہ شاہ بی بی

ذکرِ جہاں راولپنڈی

انٹرنیشنل

APRNS

چیف ایڈیٹر

سید ثاقب حسن

ABC CERTIFIED

[redacted]

جلد نمبر 17 | جمعۃ المبارک۔07 نومبر۔15 جمادی الاول۔2025ء۔24 کاتک۔1447ھ۔(صفحات 08 قیمت 20 روپے) | شمارہ نمبر 193


# بدانتظامی کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی پر سختی سے عمل کیا جائے گا

## وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا لاڑکانہ میں اوسی آر سیشن 76 شکایات موقع پر حل وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ

### (WMS) ریجنل آفس سکھر کے ریجنل ہیڈ سید محمود علی شاہ نے سرکٹ ہاؤس لاڑکانہ میں آٹ ریچ شکایت حل (OCR) سیشن کا کامیاب انعقاد کیا



سکھر (امان اللہ شیخ) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا لاڑکانہ میں اوسی آر سیشن 76 شکایات موقع پر حل وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ (WMS) ریجنل آفس سکھر کے ریجنل ہیڈ سید محمود علی شاہ نے سرکٹ ہاؤس لاڑکانہ میں آٹ ریچ شکایت حل (OCR) سیشن کا کامیاب انعقاد کیا اس اقدام کا مقصد شہریوں کو ان کی دہلیز پر فوری انصاف فراہم کرنا اور انتظامی رکاوٹوں کے خاتمے کو یقینی بنانا تھا سیشن کے دوران مجموعی طور پر 76 شکایات زیر سماعت لائی گئیں جن میں سے تمام کا موقع پر ہی ازالہ کیا گیا ان میں سکھر الیکٹرک پاور کمپنی) سیپکو (سے متعلق 62 جبکہ سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ) ایس ایس جی سی ایل (سے متعلق 14 شکایات شامل تھیں مسائل میں غلط بلنگ، میٹر تنازعات اور کنکشن میں تاخیر کے معاملات نمایاں رہے سید محمود علی شاہ نے سماعت کے دوران وفاقی محتسب کے وژن کو اجاگر کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کے نمائندوں کو ہدایت کی کہ وہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے فعال کردار ادا کریں اور عوامی خدمت کو اپنی ترجیح بنائیں انہوں نے کہا کہ بدانتظامی کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی پر سختی سے عمل کیا جائے گا تاکہ شہریوں کا سرکاری اداروں پر اعتماد بحال ہو سیشن میں مختلف وفاقی اداروں کے افسران نے شرکت کی اور موقع پر موجود متاثرہ شہریوں کی شکایات کو فوری طور پر حل کیا تعاون کرنے والے افسران میں اعجاز علی) لاڑکانہ رورل (سہیل احمد کھوکھارو) ریونیو آفیسر سیپکو (سعید احمد کوریجو) ڈپٹی منیجر ایس ایس جی سی ایل (اور ارسلان احمد) قانونی نمائندہ ایس ایس جی سی ایل (شامل تھے لاڑکانہ سرکٹ ہاس میں آٹ ریچ شکایت حل سیشن کا کامیاب انعقاد وفاقی محتسب کے اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ انتظامی انصاف ہر شہری کے لیے قابل رسائی اور مؤثر بنایا جائے۔

★ پاکستان کا سب سے زیادہ پڑھا جانے والا کثیر الاشاعت اخبار ★

بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے

روزنامہ پن پاکستان

www.pinpakistan.com

جلد نمبر 03 | جمعۃ المبارک 7 نومبر 2025، 15 جمادی الاول 1447ھ | صفحات 4، قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 89

# وفاقی محتسب کی اولین ترجیح عام آدمی کو انصاف فراہم کرنا ہے

## چوہدری خالد نذیر کی کارکردگی سے عوام کو ریلیف مہیا ہوا

(بہاولپور بیورو چیف ڈاکٹر محمد اکرم خان)

بہاولپور عام آدمی کو انصاف فراہم کرنا وفاقی محتسب کی اولین ترجیح ہے۔ ایسوسی ایٹ ایڈوائزر چوہدری خالد نذیر. تفصیلات کے مطابق، وفاقی محتسب کے ایسوسی ایٹ ایڈوائزر چوہدری خالد نذیر کی شاندار کارکردگی، لوگوں کو ریلیف مہیا کیا. مورخہ 25.11.06 بروز جمعرات کو اپنے دفتر میں 65 شکایات کی سماعت کی جسمیں نادرا، ریلوے، اسٹیٹ لائف، سوئی گیس، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اور پاکستان بیت المال کے مقدمات شامل تھے، سائلین کو 11 گیارہ لاکھ سے زائد کا ریلیف مہیا کیا اور وفاقی اداروں کے آفیسران کو تنبیہ کی کہ عوام کے مسائل کا ازالہ کریں، لاپرواہی کرنے والے آفیسران اور عملہ کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی جس پر شکایت کنندگان نے خوشی کا اظہار کیا اور چوہدری خالد نذیر



اور وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا شکریہ ادا کیا جنکی کوشش سے انکے مسائل ہیں حل ہو جاتے ہیں۔ ایسوسی ایٹ ایڈوائزر نے اس بات کا اعادہ کیا کہ عوام کو چاہیے کہ بلاخوف و خطر وفاقی محکموں کیخلاف شکایات درج کرائیں ہم فوری اور میرٹ پر انصاف فراہم کرنے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ ہر کیس کا فیصلہ 60 دن کے مختصر عرصے میں بغیر فیس اور وکیل کے کر دیا جاتا ہے اور اس سنگین اور پریشان کن دور میں رشوت اور سفارش کے بغیر وفاقی محتسب کے تعاون سے سائلین کو انصاف مل جاتا ہے، شکایت کنندگان نے اس بات کو سراہا کہ وفاقی محتسب واقعی مسیحا ثابت ہوا ہے۔

مسلسل اشاعت کے 13 سال

ABC CERTIFIED

# بروقت نیوز

BAR WAQT NEWS

dailybarwaqtnews1@gmail.com

جلد نمبر 14 | جمعۃ المبارک 7 نومبر 2025ء 13 جمادی الاول 1447ھ 24 کاتک 2079ب (صفحات 6 قیمت 20 روپے) | شمارہ نمبر: 261

# وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا پروٹیکٹر آف امیگرینٹس آفس اسلام آباد کا دورہ

## وفاقی محتسب کی ہدایت پر شروع کی گئی آن لائن پروٹیکٹر کی سہولت سے 45 ہزار سے زائد پاکستانی استفادہ کر چکے ہیں



اسلام آباد (ریحان علی) (وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پروٹیکٹر آف امیگرینٹس آفس کے خلاف شکایات کا جائزہ لینے کے لئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں کنسلٹنٹ خالد سیال اور انوسٹی گیشن آفیسر جمیل احمد پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز پروٹیکٹر آف امیگرینٹس آفس اسلام آباد بھیجی جس نے دفتر کا دورہ کر کے شکایت کنندگان سے ملاقات اور محکمے کے اعلی افسران کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران شکایات اور محکمے کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ ٹیم نے اپنے دورے کی ابتدائی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی ہے۔ وفاقی محتسب نے ہدایت کی ہے کہ محکمے کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات کے بارے میں آگاہی مہم چلانے کے ساتھ ساتھ اس کے پوسٹر اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں اپنے تمام دفاتر میں نمایاں انداز میں آویزاں کرے۔ وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے اپنے گزشتہ دورے کے دوران ہدایت کی تھی کہ بیرون ملک ملازمت کے لئے جانے والے پاکستانی شہریوں کا شناختی کارڈ جس ضلع سے بھی ہو، وہ ملک بھر کے جس علاقائی دفتر میں بھی جائیں ان کے پاسپورٹ پر پروٹیکٹر اسٹیمپ لگائی جائے نیز آن لائن بھی یہ سہولت فراہم کی جائے۔

معائنہ ٹیم کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ وفاقی محتسب کی ہدایت پر اب آن لائن پروٹیکٹر اسٹیمپ بھی لگائی جا رہی ہے اور اب تک 45 ہزار سے زائد شہری یہ سہولت حاصل کر چکے ہیں۔ ٹیم کو بتایا گیا کہ اس دفتر میں جو بھی شہری رجسٹریشن کے لئے آتا ہے، دو گھنٹوں کے اندر تمام عمل مکمل کر کے اسے فارغ کر دیا جاتا ہے۔ ٹیم کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ محکمے نے ڈیتھ کلیم کی مد سے 2025 کے دوران اب تک 786 کیسوں میں 785.4 ملین روپے ادا کئے ہیں جب کہ معذور ہونے والے 219 افراد کو رواں برس کے دوران 252 کیسوں میں 81.2 ملین روپے ادا کئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ پروٹیکٹر آف امیگرینٹس آفس کی بنیادی ذمہ داری بیرون ملک ملازمت کے لئے جانے والے پاکستانیوں کی ملازمت اور ان کے حقوق کا تحفظ ہے جس کے لئے بیرون ملک جانے والوں کی رجسٹریشن کر کے ان کے پاسپورٹ پر پروٹیکٹر آفس کی اسٹیمپ لگائی جاتی ہے۔ ٹیم نے دفتر کے مختلف شعبہ جات کا دورہ بھی کیا اور دفتر میں صفائی، عملے کے طرز عمل اور کارکردگی کو سراہتے ہوئے بیرون ملک جانے والے پاکستانیوں کو مزید سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ ٹیم نے پروٹیکٹر اسٹیمپ کے لئے اسلام آباد آفس آنے والے شہریوں سے بھی ملاقات کی، جنہوں نے محکمے کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وفاقی محتسب نے راولپنڈی دفتر میں آنے والوں کو بھی بہتر سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس سکھر
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 19 شمارہ 340 | جمعۃ المبارک 15 جمادی الاوّل 7 نومبر 2025 صفحات 8 قیمت 40 روپے

# اداراے عوامی مسائل کے حل میں فعال کردار ادا کریں، محمود شاہ

## ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب کا لاڑکانہ سرکٹ ہاؤس میں سماعت کے دوران خطاب

## مجموعی طور پر 76 التوا شکایات نمٹائی گئیں، 62 شکایات سیپکو کیخلاف تھیں

شکارپور (نمائندہ ایکسپریس) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکریٹریٹ (WMS) ریجنل آفس سکھر کے ریجنل ہیڈ سید محمود علی شاہ نے لاڑکانہ سرکٹ ہاؤس میں عوامی شکایات کے ازالے کیلئے ایک جامع آؤٹ ریچ کمپلینٹ ریزولوشن (OCR) سماعت کا کامیاب انعقاد کیا۔ اس اقدام کا مقصد بیوروکریٹک رکاوٹوں کے خاتمے اور عوام کو براہ راست، فوری اور مؤثر انتظامی انصاف فراہم کرنا تھا۔ سید محمود علی شاہ نے وفاقی محتسب سیکریٹریٹ کے مقررہ قوانین و ضوابط کے مطابق سماعت کی کارروائی کو نہایت مؤثر انداز میں مکمل کیا اور بڑی تعداد میں عوامی شکایات موقع پر ہی حل کر دیں۔ سماعت کے دوران مجموعی طور پر 76 التوا شدہ شکایات نمٹائی گئیں جن میں 62 شکایات سکھر الیکٹرک پاور کمپنی (SEPCO) اور 14 شکایات سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ (SSGCL) سے متعلق تھیں، جن کا تعلق زیادہ تر غلط بلنگ، میٹرنگ کے تنازعات اور کنکشن میں تاخیر جیسے مسائل سے تھا۔ سماعت کے دوران سید محمود علی شاہ نے وفاقی محکموں کے نمائندوں سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا پیغام پہنچایا، اور اس بات پر زور دیا کہ سرکاری ادارے شہری مرکوز طرز حکمرانی کو فروغ دیں، عوامی مسائل کے حل میں فعال کردار ادا کریں، انتظامی شفافیت اور مؤثر کارکردگی کو یقینی بنائیں اور بدانتظامی کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل کریں۔



شکارپور: وفاقی محتسب سید محمود علی شاہ سماعت کرتے ہوئے

# لاڙڪاڻو سرڪٽ هائوس ۾ وفاقي محتسب سيڪريٽريٽ جي ٻڌڻي

## سيد محمود علي شاهه جي نگراني هيٺ 76 التوا تيل شڪايتن جو فوري ازالو ڪيو ويو

## SEPCO ۽ SSGCL خلاف غلط بلنگ، ميٽرنگ ۽ ڪنيڪشن جي دير بابت شڪايتون حل ڪيون ويون

## وفاقي محتسب جي پيغام تحت شفافيت، احتساب ۽ شهري مرڪوز حڪمراني تي زور ڏنو ويو

شڪارپور (عبدالخالق سومرو) وفاقي محتسب اعجاز احمد قريشي جي هدايتن تي وفاقي محتسب سيڪريٽريٽ (WMS) ريجنل آفيس

سکر جي ريجنل هيڊ سيد محمود علي شاهه پاران لاڙڪاڻو سرڪٽ هائوس ۾ عوامي شڪايتن جي ازالي لاءِ هڪ جامع آئوٽ ريچ

ڪمپليننٽ ريزوليوشن (OCR) ٻڌڻي ڪاميابي سان منعقد ڪئي وئي. جنهن جو مقصد /

**بقايا پڙهو صفحو 3 نمبر 11**



شڪارپور: محتسب اعجاز احمد قريشي شڪايتون ٻڌي رهيو آهي

Reg No 2677

ABC Certified

ايڊيٽر: اعجاز مهر

روزاني سنڌيار ڪراچي

Daily SINDHYAR Karachi

NTN 4129440-8 www.dailysindhyar.com

| جلد :14 | جمعو 07 نومبر 2025 ع بمطابق 15 جمادي الاول 1447ھ | شمارو: 31 | قيمت10 روپيا |
|---|---|---|---|

بقايا ❁❁❁❁❁❁❁❁ 11

بيوروڪريٽڪ رڪاوٽن جو خاتمو ڪرڻ ۽ شهرين کي سڌي، فوري ۽ اثرائتي انتظامي انصاف فراهم ڪرڻ هو سيد محمود علي شاهه وفاقي محتسب سيڪريٽريٽ جي مقرر ڪيل قانونن ۽ ضابطن موجب ٻڌڻي جي ڪارروائي منظم ۽ مؤثر طريقي سان مڪمل ڪئي ۽ وڏي انگ ۾ عوامي شڪايتون جاءِ تي ئي حل ڪيون ويون ٻڌڻي دوران مجموعي طور 76 التوا تيل شڪايتون نمٽايون ويون، جن مان 62 شڪايتون سکر اليڪٽرڪ پاور ڪمپني (SEPCO) ۽ 14 شڪايتون سوئي سدرن گيس ڪمپني لميٽيڊ (SSGCL) سان لاڳاپيل هيون، جيڪي گهڻو ڪري غلط بلنگ، ميٽرنگ جي تڪرارن ۽ ڪنيڪشن ۾ دير جهڙن مسئلن بابت هيون سيد محمود علي شاهه ٻڌڻي دوران وفاقي کاتن جي نمائندن سان ڳالهائيندي معزز وفاقي محتسب اعجاز احمد قريشي جو پيغام پهچايو ۽ زور ڏنو ته سرڪاري ادارا شهري مرڪوز طرزِ حڪمراني کي فروغ ڏين، عوامي مسئلن جي حل ۾ سرگرم ڪردار ادا ڪن، انتظامي شفافيت ۽ مؤثر ڪارڪردگي يقيني بڻائن ۽ بدانتظاميءَ خلاف زيرو ٽالرنس پاليسي تي سختيءَ سان عمل ڪن ٻڌڻي دوران جن آفيسرن عوامي شڪايتن جي فوري ازالي ۾ اهم ڪردار ادا ڪيو، تن ۾ اعجاز علي (لاڙڪاڻو رورل)، سهيل احمد ڪوهاور (ريوينيو آفيسر سيپڪو لاڙڪاڻو سٽي)، سعيد احمد ڪوريجو (ڊپٽي مئنيجر ايس ايس جي سي ايل لاڙڪاڻو) ۽ ارسلان احمد (ليگل آفيسر ايس ايس جي سي ايل لاڙڪاڻو) شامل هئا لاڙڪاڻو سرڪٽ هائوس ۾ OCR ٻڌڻي جو ڪامياب انعقاد وفاقي محتسب جي ان عزم جو واضح ثبوت آهي ته انتظامي احتساب کي هر شهري لاءِ قابلِ رسائي ۽ اثرائتو بڻايو وڃي